

Read India Books

# راجو اور ترکاری

وینکٹ رمن گوڈا



RGF Pratham
SERIES





Original Story (*Kannada*) Shaalege Banda Tharakarigalu by Venkatramana Gowda
© Rajiv Gandhi Foundation-Pratham Books, 2005

First edition: 2005

Illustrations & Design: Padmanabh
Urdu Translation: Baaraan Ijlal

ISBN : 81-8263-220-X

Registered Office:
PRATHAM BOOKS
930, 4th Cross, 1st Main, MICO Layout, Stage 2,
Bangalore 560 076

Regional Offices in Mumbai and New Delhi

Typesetting by: Faiyaz Ahmed
Layout by: Pratham Books

Printed by:
The Print Shop
New Delhi

Some rights reserved. This book is CC-BY-3.0 licensed.
Full terms of use and attribution available at:
http://www.prathambooks.org/cc

Published by:
Pratham Books
www.prathambooks.org

# راجو اور ترکاری

مصنف : وینکٹ رمن گوڈا

تصویر : پدمنابھ

اردو ترجمہ : باران اجلال


یہ کتاب

________________

________________


________________

کی ہے






روز کی طرح راجو ایک دن اسکول جا رہا تھا۔ راستے میں اس نے ایک انوکھا منظر دیکھا۔ بستہ لٹکائے ہوئے کچھ عجیب شکل کی چیزیں اس کے آگے آگے جا رہی تھیں۔



راجو نے بازار میں ترکاریاں دیکھی تھیں۔ یہ چیزیں ویسی ہی نظر آ رہی تھیں۔
انہیں چلتا پھرتا دیکھ کر راجو اپنی بے تابی روک نہیں سکا۔









تیز قدموں سے راجوان کے پیچھے ہولیا۔ وہ انہیں قریب سے دیکھنا چاہتا تھا۔ وہ
سبھی بڑے تندرست لگ رہے تھے۔ اور فوج کے جوانوں کی طرح قدم سے قدم
ملاتے ہوئے آگے بڑھ رہے تھے۔

آخر کار راجو ان کے قریب پہنچ گیا۔ جب اس نے ان کے
چہرے دیکھے تو اسے بڑی حیرانی ہوئی۔



یہ تو واقعی مختلف قسم کی سبزیاں اور ترکاریاں تھیں جو اس نے بازار میں دیکھی تھیں۔




تعجب سے اس کے منہ سے نکلا ''ارے! آپ؟''



ساگ سبزیوں نے کوئی بھی جواب نہیں دیا۔ صرف
ایک دوسرے کو تکتی رہیں۔ پھر مسکراتے ہوئے وہ
راجو کو دیکھنے لگے۔









راجو نے سے سوال کیا ‘‘کہاں جا رہے ہیں آپ؟’’ جواب میں انہوں نے کہا
‘‘اور کہاں؟ تمہارے اسکول جا رہے ہیں۔’’

جب ساری ترکاریاں ایک ساتھ بولیں تو راجو کو ٹھنڈی ہوا سی
محسوس ہوئی۔ اسے بڑا مزہ آیا۔



ان لوگوں سے باتیں کرتے ہوئے راجو آگے چلنے لگا۔ کچھ دیر بعد جب اس نے پیچھے مڑ
کر دیکھا تو حیران رہ گیا۔ اس کے پیچھے پیچھے سبھی طرح کی ہری ترکاریاں کندھوں پر
بستہ لٹکائے بڑے قاعدے سے چلی آرہی تھیں۔



آلو، شکرقند، سُورن اور زمین کے نیچے اُگنے والی
ترکاریاں راجو کے ساتھ ساتھ چل رہی تھیں۔
جبکہ پیچھے ہری سبزیاں، اور بیچ میں تھا اپنا
راجو۔ راجو کی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ رہا۔



جب راجو ترکاریوں کے ساتھ اسکول پہنچا تو سبھی بچے
اسے دیکھ کر حیران ہو گئے۔










ٹیچر نے بھی خوشی کا اظہار کیا اور انہوں نے راجو کی پیٹھ تھپتھپائی


''بہت اچھے!'' راجو نے مسکراتے ہوئے کہا'' شکریہ ٹیچر''




کسی نے زور سے پیٹھ پر تھپتھپایا تو راجو کی آنکھیں کھل گئی۔ ''اسکول کے لئے دیر ہو جائے گی، راجو اٹھو!'' آواز دیتے ہوئے اس کا چھوٹا بھائی اس کی پیٹھ تھپتھپا رہا تھا۔ ''ارے یہ کیا؟ میں خواب دیکھ رہا تھا؟'' یہ سوچ کر راجو اپنی آنکھیں ملنے لگا لیکن دل ہی دل میں وہ بے حد خوش تھا۔







اسکول

اس تصویر میں رنگ بھرو





اس تصویر میں رنگ بھرو




اس زمرے کی دوسری کتابیں

- گوریّا اور امرود ● مچھلی نے خبر سنی
- رنگ برنگی خوبصورت مچھلیاں ● انار کا مزہ
- کوئل کی کوک ● کشتی کی سواری
- کچھوا اور خرگوش ● کوّے کے رشتے دار
- بلبلوں والا جھاگ سے بھرا دودھ



اسکول کے راستے میں راجو کو طرح طرح کی سبزیاں بستہ لٹکائے ہوئے نظر آتی ہیں۔ راجو کے علاوہ کوئی انہیں دیکھ کر حیران بھی نہیں ہوتا! یہ کیا ہو رہا ہے؟

ISBN 81-8263-220-X
9788182632202

**Pratham Books**
Raju Aur Tarkari (Urdu)
M.R.P. Rs. 20.00